© rasailojaraid.com



کے بحر ناپید اکنار، نور معرفت کے شناور اور علوم نبوت کے غواص تھے افسوس کہ ان کے شایان شان اور ان کی عظمت شان کے مطابق کوئی سوانح یا کوئی غیر نہ آسکا۔ الفیصحہ چارسدہ کے دوستوں نے مقدور بھر کوشش کی ملک و بیرون ملک کے اکابر سے مواد جمع کیا کتابت بھی کرائی تو اس کے چھاپنے کی سعادت حضرت کے برخوردار صاحبزادہ محمد داؤد جان کے حصے میں آئی جو نقوش حضرت افغانی کے نام سے منظر عام پر آچکی ہے جس میں جید علماء کرام، فضلاء عظام کے تحقیقی مقالہ جات اور مضامین شامل ہیں حضرت کی سیرت و سوانح کا یہ نقش اول ہے امید ہے کہ صاحبزادہ صاحب موصوف کیلئے اور ان کے قائم کردہ "ادارہ شمس المعارف" کے لئے یہ مہمنہ کام دے گا آئندہ کے نقوش پہلے کی نسبت کئی گنا بہتر اور جامع ہوں گے۔

## حرب اسلامی اور دفاع پاکستان

تحریر: کیپٹن فضل ربی ، صفحات ۲۱۶ ، قیمت ۱۳۵ روپے
ناشر: مکتبہ رشیدیہ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

جناب کیپٹن فضل ربی ایک جید عالم دین دارالعلوم حقانیہ کے فاضل ہیں ان کی کامیاب حرب اسلامی اور دفاع پاکستان پر ایک جامع تحریر ہمہ پہلو حاوی مضمون سلاست استنباط اور استناد کے لحاظ سے جامع اور اپنی معقولیت اور افادیت کے اعتبار سے منفرد خصوصیات کی حامل ہے موصوف دارالعلوم حقانیہ کے روحانی فرزند ہیں ان کا یہ مقالہ مادر علمی کے لیے باعث افتخار ہے موصوف نے پاکستان کے دفاعی استحکام کے لیے جو موثر تجاویز اور جن واقعاتی امور کی نشاندہی کی ہے وہ پاک فوجی قیادت اور ملکی سیادت کے لیے قابل توجہ ہیں اگر قومی قیادت خلوص دل سے ان خطوط کو اپنے لائحہ عمل میں اختیار کرلے تو خدا کی نصرت شامل حال ہوگی قومی اتحاد اور ملکی استحکام میں ترقی ہوگی، سیرت نبوی جہاد اسلام، غزوات رسول اور تاریخ کے کئی ابواب اس میں آگئے ہیں مطالعاتی حلقوں کے لیے مفید اور نادر تحفہ ہے۔

## ماہنامہ عالم اسلام اور عیسائیت

قیمت فی شمارہ ۱۰ روپے سالانہ زر اعانت ایک سو روپیہ۔
ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، نصر چیمبر، مرکز الف ۷، اسلام آباد۔

انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز ایک منفرد ادارہ ہے جو اس ضرورت کے تحت قائم کیا گیا ہے کہ پاکستان اور عالم اسلام کے مسائل پر آزادانہ تحقیق اور بحث مباحثہ کرے، مختلف اہم مسائل کی نشاندہی کرے اور ان پر متبادل نقطہ نظر پیش کرے۔ انسٹی ٹیوٹ پاکستان اور عالم اسلام کے ان اہل علم اور ماہرین کے لیے ایک بین الاقوامی پلیٹ فارم ہے جو اپنی علمی اور فنی لیاقت سے اسلامی دنیا کی اپنی اقدار کے مطابق تعمیر نو کرنا چاہتے ہیں اسی مقصد کے پیش نظر انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز نے زیر تبصرہ جریدہ کا اجراء کیا ہے جس میں عیسائی

© rasailojaraid.com